# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu News Bulletin

**Dated : 04-09- 2026**

**Time : 12:30 PM**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ انوارالحق

سیٹلائٹ

بھارت نے بروقت تصاویر فراہم کرنے والا اپنا پہلا امیجنگ سیٹلائٹ **EOS-O5** کامیابی کے ساتھ لانچ کیا ہے۔بھارت کی خلائی تحقیق کی تنظیم اسرو نے کہا ہے کہ اس مصنوعی سیارے کو **27** گھنٹے کی الٹی گنتی کے بعد رات **2** بجکر **55** منٹ پر سری ہری کوٹا کے ستیش دھون خلائی مرکز سے **GSLV** راکٹ کے ذریعے کامیابی کے ساتھ روانہ کر دیا گیا۔روانگی کے **18** منٹ بعد سیٹلائٹ کو ذیلی جیو سنکرونس مدار میں نصب کر دیا گیا۔اسرو کے چیئرمین وی نارائینن نے کہا ہے کہ یہ مشن بھارت کی زمینی مشاہداتی صلاحیتوں کو مزید مضبوط کرکے زراعت، قدرتی آفات سے نمٹنے اور دیگر کئی اہم شعبوں میں ملک کی مدد کرے گا۔

وزیراعظم نریندر مودی نے اس امیجنگ سیٹلائٹ کی کامیاب لانچنگ کیلئے اسرو کو مبارکباد پیش کی ہے۔

جنم اشٹمی

ملک بھر میں آج جنم اشٹمی کا تہوار روایتی جوش وخروش اور مذہبی عقیدت کے ساتھ منایا جارہا ہے۔یہ تہوار بھگوان کرشن کے جنم دن کی مناسبت سے منایا جاتا ہے۔آج کے دن عقیدت مند اپواس رکھنے کے علاوہ خصوصی پوجا کیلئے مندروں کا رُخ کررہے ہیں۔اس تہوار کے موقعے پر ہندو عقیدتمند طرح طرح کی مٹھائیاں اور بھگوان کرشن کی پسند کی ضیافتیں تیار کرکے انہیں پیش کرتے ہیں۔اس کے علاوہ عقیدتی گیت بھی گائے اور گن گنائے جاتے ہیں۔جنم اشٹمی کے موقعے پر ملک بھر میں گھروں اور مندروں کو خوبصورتی کے ساتھ سجایا گیا ہے۔

ادھر جموں کشمیر خاص طور پر صوبہ جموں میں بھی جنم اشٹمی کی دھوم ہے۔وادی میں رہنے والی پنڈت برادری بھی آج اس تہوار کو منانے میں مصروف ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی، لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سمیت دیگر متعدد اہم شخصیات نے عوام خاص طور پر ہندو برادری کو جنم اشٹمی کی مبارکباد پیش کی ہے۔

سی ایم

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے تکنیکی تعلیم کو مضبوط کرنے اور جموں وکشمیر کے نوجوانوں کیلئے روزگار کے بامعنی مواقعے پیدا کرنے کا سرکار کا عزم ظاہر دہرایا ہے۔ وہ گورنمنٹ پالی ٹیکنیک کالج سرینگر میں کئی ترقیاتی کاموں کا سنگِ بنیاد رکھنے کے علاوہ کولگام، کپواڑہ، کشتواڑ، اور رام بن اضلاع کے گورنمنٹ پالی ٹیکنیک کالجوں میں 4 کروڑ 20 لاکھ روپے کے لاگت والے اَپ گریڈ شدہ بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کا ای۔افتتاح کر رہے تھے۔

اسی دوران وزیر اعلیٰ کی صدارت میں سرینگر اور جموں ڈیولپمنٹ اتھارٹیوں کے بورڈ آف ڈائریکٹرس کی الگ الگ میٹنگیں منعقد ہوئیں۔ اس دوران شہری ترقیات سے متعلق ترتیب دیئے گئے منصوبوں کی عمل آوری اور ان دونوں شہروں میں طرز زندگی میں مزید آسانی پیدا کرنے کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

صوبائی کمشنر

جیسے جیسے کشمیر وادی اپنی نوعیت کے پہلے بین الاقوامی فلم فیسٹول کی میزبانی کرنے کے قریب ہوتی جارہی ہے، اس اہم بین الاقوامی تقریب کیلئے تیاریوں اور انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔ یہ انٹرنیشنل فلم فیسٹول جموں کشمیر **7** سے **10** ستمبر تک سرینگر، جموں اور گلمرگ کے تین مقامات پر منعقد ہونے جارہا ہے۔

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے فلم فیسٹول کے احسن انعقاد سے متعلق سرینگر میں محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ اور دیگر متعلقہ سینئر افسروں کے ساتھ اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران آپس میں ہموار تال میل بنائے رکھنے اور اپنی اپنی ذمہ داریوں کے تئیں سنجیدہ رہنے کیے ہدایت دی۔ انہوں نے بروقت اطلاعات کی ترسیل اور مہمانوں کیلئے سہولت یقینی بنانے پر زور دیا۔

اسلحہ

سیکورٹی فورسز نے ریاسی ضلع میں اسلحہ اور گولی بارود کی کچھ مقدار برآمد کی ہے۔ SOG اور فوج کی ایک مشترکہ ٹیم نے مہور تحصیل کے کھٹاجی علاقے میں تلاشی کی ایک کارروائی عمل میں لائی جس دوران یہ برآمدگی کی گئی۔
اس میں AK-47 کے 140 راؤنڈ، ایل ایم جی کے 19 راؤنڈ، پستول کے 25 راؤنڈ، ایک ہتھ گولہ، ایک پستول اور ایک میگزین شامل ہے۔

تاریگامی

ایم ایل اے کولگام محمد یوسف تاریگامی نے معیاری تعلیم کی فراہمی کیلئے تعلیمی اداروں میں بنیادی ڈھانچے کو اپ گریڈ کرنے کی ضرورت اجاگر کی ہے۔انہوں نے کہا کہ سرکار تعلیمی اداروں میں جدید سہولیات سے لیس کلاس رومز، درس و تدریس کیلئے ایک مناسب ماحول فراہم کرکے ہمارے مقامی نوجوانوں کو مستقبل کے چیلنجوں کیلئے تیار کرسکتے ہیں۔وہ ضلع کولگام کے ہانگر علاقے میں ایک کروڑ 43 لاکھ روپے کی تخمینہ لاگت سے تیار کی گئی سکول عمارت کا افتتاح کرنے کے موقعہ پر اظہار خیال کررہے تھے۔یہ تین منزلہ عمارت 10 کلاس روموں پر مبنی ہے۔

DCs

ڈپٹی کمشنر کپوارہ شری کانت سوسے نے ضلع میں تپ دق کے مریضوں کی نشاندہی کرنے کیلئے ضلع بھر میں ٹیسٹنگ کا عمل تیز کرنے کی ہدایت دی ہے۔وہ پردھان منتری ٹی بی مکت بھارت ابھیان کے سلسلے میں ضلع میں اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے۔

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے محکمہ زراعت کی سکیموں کے فوائد زیادہ سے زیادہ کاشت کاروں تک پہنچانے پر زور دیا ہے۔وہ ضلع میں HADP اور JKCIP سمیت زرعی سیکٹر کی مختلف سکیموں پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے۔

ضلع ترقیاتی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے مختلف تعمیراتی اور ترقیاتی پروجیکٹوں کی تکمیل معیار کے ساتھ یقینی بنانے کیلئے کام میں سرعت لانے کی ہدایت دی ہے۔وہ ضلع کیپکس بجٹ 2026-27 کے تحت زیر عمل پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔
اجازت دیجئے۔خدا حافظ۔